تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیمِ اسلامی
05-اگست 2020ء

پریس ریلیز

پاکستان نے نئے نقشہ میں سارے کشمیر کو پاکستان کا حصہ دکھا کر صحیح سمت میں ایک بڑا قدم اُٹھایا ہے۔ **مرزا ایوب بیگ**

لاہور (پ ر) پاکستان نے نئے نقشہ میں سارے کشمیر کو پاکستان کا حصہ دکھا کر صحیح سمت میں ایک بڑا قدم اُٹھایا ہے۔ یہ بات ترجمان تنظیم اسلامی مرزا ایوب بیگ نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ گزشتہ برس 5/اگست کو بھارت نے عالمی قوانین کی دھجیاں اُڑاتے ہوئے مقبوضہ کشمیر کو بھارت میں ضم کر لیا حالانکہ سلامتی کونسل کی منظور کردہ قراردادوں کے مطابق اُسے کشمیر کے باسیوں کو یہ حق دینا تھا کہ وہ اپنی قسمت کا فیصلہ خود کریں کہ اُنھیں بھارت کے ساتھ الحاق کرنا ہے یا پاکستان کے ساتھ کرنا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ بھارت کے اتنے بڑے جرم کے ارتکاب پر دنیا خاموش تماشائی بنی رہی۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں پر زندگی اجیرن کر دی گئی۔ حقیقت یہ ہے کہ مقبوضہ کشمیر ایک سال سے بڑی جیل میں تبدیل ہو چکا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ پاکستان اب عالمی قوتوں اور اداروں سے مطالبہ کرے کہ وہ کشمیریوں کو اِن کا حق بھارت سے دلائیں وگرنہ بصورت دیگر یہ خطہ جنگ کی آگ میں بُری طرح جھلس جائے گا۔ اُنھوں نے عالم اسلام سے ایک بار پھر اپیل کی کہ وہ اِس حوالے سے آگے بڑھیں وگرنہ اسلام دشمن قوتیں اپنے ظلم و ستم کو کشمیر اور فلسطین تک محدود نہیں رکھیں گی بلکہ ہر مسلمان ملک اسلام دشمن قوتوں کی درندگی کا شکار ہوگا۔ اُنھوں نے کہا کہ کشمیری ''پاکستان سے رشتہ کیا لا الٰہ الا اللہ'' کا نعرہ لگاتے ہیں اگر پاکستان میں عملی طور پر لا الٰہ الا اللہ نافذ ہو جائے تو کشمیر کی آزادی کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکے گی۔ ان شاء اللہ!

جاری کردہ
(محمد رفیق چوہدری)
معاون ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

جاری کردہ

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 05 August 2020

"Pakistan has taken a big step in the right direction by including and showing the entire Kashmir as its territory in a newly issued map."

(Mirza Ayub Baig)

Lahore (PR): "Pakistan has taken a big step in the right direction by including and showing the entire Kashmir as its territory in a newly issued map."

This was said by the spokesperson of Tanzeem-e-Islami, **Mirza Ayub Baig**, in a statement. He noted that last year on 5 August, India had illegally annexed the disputed territory of Occupied Kashmir in brazen violation of international law; despite the fact that according to the resolutions of the United Nations Security Council, India is bound to provide the masses of Kashmir the right to self-determination through plebiscite, so that they could choose whether they want to be affiliated with Pakistan or India. He remarked that it is a matter of great disgrace that the entire world remained silent on such a prodigious crime committed by India, and consequently the lives of Muslims of Occupied Kashmir was made miserable by India. The fact of the matter is that Occupied Kashmir has been converted into a 'big jail' for the whole of the past year. He said that Pakistan now ought to demand of international powers and organizations to play their role in forcing India to give the rights of the people of Occupied Kashmir, otherwise the flames of war will engulf and severely burn this entire region. He appealed to the Islamic World, again, that they ought to come to the forefront regarding this matter, otherwise the enemy powers of Islam would not limit their oppression and cruelty to Kashmir and Palestine, but every Muslim country would become the target of their brutality. He concluded by stating that the Kashmiris chant the slogan, *"Pakistan se rishta kya: La Illaha Ill Allah"* and if *"La Illaha Ill Allah"* (The genuine Islamic System) is practically established in Pakistan then no power in the world would be able to stop Kashmir from getting freedom. InshaAllah!

Issued by
Muhammad Rafique Chaudhry
Muawin of Nazim Nashr-o-Ashaat Section
Tanzeem-e-Islami